انگلینڈ میں الحق کی روشنی

سب سے پہلے احقر اپنا تعارف کرانا چاہتا ہے۔ بندہ ناچیز حضرت اقدس شاہ عبدالقادر رائپوریؒ کا خادم اور سید عطاء اللہ شاہ بخاری و مولانا حبیب الرحمٰنؒ لدھیانوی کا پیر بھائی ہے۔ ہم نے یہاں انگلستان میں ایک تبلیغی ادارہ انٹرنیشنل تبلیغی اسلامی مشن کے نام سے قائم کیا ہوا ہے۔ جس کا مقصد دین کا پیغام تمام دنیا میں پہنچانا اور تحفظ ناموس رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہے جس میں تحفظ ختم نبوت بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ تبلیغ دین، محبت رسول، عبادت، نماز ذکر اللہ وغیرہ کی اہمیت سے بھی روشناس کرانا ہمارے مشن کے مقاصد میں ہے۔ ہم انگلستان سے ایک پرچہ الحق یا صراط مستقیم کے نام سے نکالنا چاہتے تھے۔ کہ خدام الدین میں آپ کے رسالہ الحق کا اعلان نظر سے گزرا۔ اور یہ ارادہ کیا کہ بجائے اپنے پرچہ کے آپ کے الحق کی اشاعت کا یہاں انتظام کریں۔ جس کے ذریعہ اکابر اور آپ بزرگوں کے علوم اور مضامین پڑھنے کا موقعہ ہمیں مل جائے گا۔ اگر آپ تعاون کریں تو ہم آپ کے رسالے کی ...... کاپیاں ماہوار خریدنے کو تیار ہیں۔ انشاء اللہ اس تعداد میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ اور انگلستان کی تاریکی میں الحق اسلامی زندگی کا اولین ترجمان ہوگا جس میں حدیث نبوی اور قرآن مجید کی روشنی ہوگی —— آپ کی اجازت کے مطابق ہم نے یہاں کے اخبارات میں شائع کرا دیا ہے۔ کہ ہم ماہنامہ الحق (زیر سرپرستی حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ العالی) تبلیغی اسلامی مشن کا ترجمان شائع کرا رہے ہیں۔ سالانہ چندہ اور پوری تفصیل ہم نے لکھ دی ہے۔ (اور اخبارات کے کٹنگ ملفوف ہیں۔) آپ اکٹھا بنڈل بھیج دیا کریں، لوگوں تک پہنچانے کا انتظام ہمارے ذمہ ہوگا جس پر سالانہ چندہ کے علاوہ ۵ پنس مزید خرچ آئے گا۔

اس کے علاوہ ہمارے مشن کی طرف سے ایک جماعت حج بیت اللہ کی غرض سے جا رہی ہے۔ ۳۰ مارچ کو مکہ معظمہ اور ۱۱ اپریل کو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ہم [illegible] اجتماع کریں گے۔ اور وہاں سے چند جماعتیں قائم کرکے دوسرے ممالک میں بھیجی جائیں گی۔ یہاں ال[illegible] ہم جو مضامین اور حالات بھیجیں امید ہے انہیں آپ الحق میں شائع کرتے رہیں گے۔

(ایس۔ اے۔ کے۔ راؤ۔ انگلینڈ)

اگر آنجناب کے مساعی سے الحق کے ذریعہ قرآن و سنت کی روشنی وہاں پھیل سکتی ہے۔ تو یہ خداوند کریم کا بہت بڑا فضل و کرم اور الحق کی خوش قسمتی ہوگی۔ اس راہ میں الحق ہر ممکنہ تعاون اور قربانی سے دریغ نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کے مبارک مساعی کو مشکور بنادے اور ہمت، حوصلہ، اخلاص اور جوش عمل سے نوازے کہ یورپ کی تاریکیوں میں آپ جیسے دردمندان اسلام کا وجود مغتنمات میں سے ہے۔ (ادارہ الحق)

نوشتہ: خلائی کارناموں کی شرعی حیثیت کے بارہ میں مولانا شمس الحق افغانی کی ایک اہم تحریر اگلے شمارہ میں ملاحظہ فرمادیں۔